عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز ہفتہ 14 نومبر 2026ء/ 3 جمادی الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 227

معدنی وسائل کو قومی ترقی اور معاشی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہوگا، آرمی چیف

پاکستان کو وعدوں سے عملی اقدامات اور خام معدنیات سے ویلیو ایڈڈ معاشی ترقی کی جانب بڑھنا ہوگا، پاکستان ایسی طویل المدتی عالمی شراکت داریوں کا خواہاں ہے جو پائیدار معاشی قدر کا باعث بنیں

قدرتی وسائل کو عملی نتائج میں بدلنے کے لیے پاکستانی عوام کی محنت اور عزم بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، ، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا منرلز فورم سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ معدنی وسائل کو قومی ترقی اور معاشی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہوگا۔ وفاقی دارالحکومت میں جاری منرلز فورم سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کہنا تھا کہ خام مال کی برآمد کے بجائے ریفائننگ اور مینوفیکچرنگ سمیت مکمل ویلیو چین کی ترقی پر توجہ دینا ہوگی، معدنی وسائل سے مقامی آبادیوں کو بھی براہِ راست فائدہ پہنچنا (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

بجلی کے فی یونٹ 5 روپے سیلز ٹیکس کا اطلاق مزید 8 اداروں تک بڑھا دیا گیا

ٹیکس دہندگان کی فہرست میں بورڈ یا متعلقہ کمشنران لینڈ ریونیو کی سفارشات پر وقتاً فوقتاً ردوبدل کیا جاسکتا ہے

اسلام آباد (جی این ایم) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نیا سٹیل اور آئرن مینوفیکچررز کے لیے بجلی کے فی یونٹ 5 روپے سیلز ٹیکس کا اطلاق مزید 8 اداروں تک بڑھا دیا ہے اس حوالے سے آئرن اور اسٹیل مصنوعات تیار کرنے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

کوئٹہ میں شدید سردی اور بے روزگاری کے باوجود مہنگائی کا طوفان

اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، شہری پریشان

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ شہر میں شدید سردی اور کاروباری سرگرمیاں متاثر ہونے کے باعث عوام پہلے ہی مشکلات سے دوچار ہیں، جبکہ دوسری جانب مہنگائی کے طوفان نے شہریوں کا جینا محال کر دیا ہے۔ اشیائے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پی ٹی آئی صوبوں کی حمایت کرتی ہے، بانی نے بھی کہا عوام سے پوچھا جائے، مشعال ملک

حکومت ہمارے لئے کچھ نہیں کر رہی، محسن نقوی نے ہم سے رابطے کئے، جو کیا انہوں نے ذاتی حیثیت میں کیا، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی رہنما مشعال یوسفزئی نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

کسی عدالت نے اتنے ریکارڈ فیصلے نہیں دیئے جتنے ہم نے دیئے، چیف جسٹس آئینی عدالت

ہم نے اس سال 9 ہزار کیسز کا فیصلہ کیا، کبھی اپنے کام سے مطمئن نہیں ہونا چاہئے، ہر وقت کوشش میں رہیں کہ آپ کے کام میں کیا بہتری ہوسکتی ہے

ادارے کو آگے بڑھانے کیلئے دل سے کام کرنا ہوگا، جسٹس امین الدین خان کا وفاقی آئینی عدالت کی پہلی سالگرہ کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت نے اپنے قیام کے پہلے ہی سال میں 9 ہزار مقدمات نمٹا کر ملکی عدالتی تاریخ میں ایک منفرد ریکارڈ قائم کیا ہے، جو پاکستان کی کسی بھی عدالت کا نہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

کئی سردار تعلیم اور ترقی میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں، رکنِ بلوچستان اسمبلی

سرداری نظام کے خاتمے سے متعلق قرارداد کی مخالفت اور اسے مسترد کرتا ہوں، زرک مندوخیل

کوئٹہ (جی این ایم) رکنِ بلوچستان صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل نے اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایوان میں سرداری نظام کے خاتمے سے متعلق پیش کی گئی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

دہشت گردوں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، محسن نقوی

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے

سکیورٹی فورسز ملک سے بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بھارتی سرپرستی میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے جاری سکیورٹی فورسز کے آپریشنز پر یافتہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں صوبوں میں دہشت گردوں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 35)



اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ٹرانسن ہولڈنگز کے بانی اور چیئرمین اوران کی ٹیم ملاقات کر رہے ہیں

پنجگور، خدابادان میں مسلح افراد کا گاڑی پر حملہ اور فائرنگ، گاڑی جل کر خاکستر، سوار افراد محفوظ

پنجگور (جی این ایم) پنجگور کے علاقے خدابادان میں پولی ٹیکنیک کالج کے قریب سے ایک جلی ہوئی گاڑی برآمد ہوئی ہے، (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے بعد جہاز میں آگ بھڑک اٹھی

تہران (جی این ایم) ایران کے پاسدارانِ انقلاب (نیوی) نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے مشرقی حصے میں ایل این جی بردار ایک جہاز ایرانی بحری بارودی سرنگ سے ٹکرا گیا (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

کور کمانڈر کی جانب سے بارڈر کھولنے سے متعلق بیان کا خیر مقدم کرتے ہیں، شاہدہ رؤف

بارڈر ٹریڈ بلوچستان کے عوام کے روزگار کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، رکن اسمبلی کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (جی این ایم) رکنِ بلوچستان صوبائی اسمبلی شاہدہ رؤف نے اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کور کمانڈر کی جانب سے سرحدیں (بارڈر) کھولنے کے حوالے سے دیے گئے بیان کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ اس معاملے پر مثبت سوچ انتہائی خوش آئند ہے۔ ایوان میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے شاہدہ رؤف نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے پاس ذریعہ معاش (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

بلوچستان اسمبلی میں سرداری نظام کے خاتمے کے قانون 1976 پر عملدرآمد سے متعلق قرارداد پیش

سرداری نظام انسانی آزادی، عزتِ نفس اور بنیادی حقوق کے منافی ہے، مولانا ہدایت الرحمان کی قرارداد کا متن

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں صوبے سے سرداری نظام کے خاتمے اور اس حوالے سے 1976 میں منظور کیے گئے قانون پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے ایک قرارداد پیش کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق رکنِ صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان کی جانب سے ایوان میں پیش کی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ سرداری نظام کے خاتمے کا قانون 1976 میں منظور کیا گیا تھا، تاہم بلوچستان کے بعض علاقوں میں آج بھی اس نظام کی باقیات موجود (باقی صفحہ 2 نمبر 30)



اسلام آباد، خاتون اول بی بی آصفہ کی تقریب میں آمد کے موقع پر چیف آف دی نیول اسٹاف کی زوجہ فوزیہ اور بینڈ رومینہ خالد استقبال کر رہی ہیں

دہشت گردی کے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

دہشت گردی کی بیخ کنی کیلئے ریاستی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور مشترکہ کاوشیں ناگزیر ہیں، میر سرفراز بگٹی کی سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں پر اظہار اطمینان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتن الخوارج اور فتن الہندوستان کے دہشت گرد عناصر کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کی بیخ کنی اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔ اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر جاری کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا، جبکہ دہشت گرد عناصر کا خاتمہ کرنے کے ساتھ ان کے ٹھکانوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں پاکستان میں بدامنی پھیلانے اور قومی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی سازشیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ پاکستان کی سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پوری طرح متحرک ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 10)



اسلام آباد: وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت نیشنل شپنگ کارپوریشن کی تشکیل نو کا جائزہ اجلاس ہو رہا ہے

دہشت گردوں کے عزائم کامیاب نہیں ہونے دیے جائینگے، صدر

پاکستان کی سلامتی کو نقصان پہنچانے کے لیے بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی مسلسل کامیابیاں قومی عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہیں، آصف علی زرداری

اسلام آباد (جی این ایم) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 31 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

غذر میں مسافر وین دریا میں گرنے سے 11 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

دریائے نیلم میں چھلانگ لگا کر خودکشی کرنے والی خاتون کی لاش آزاد کشمیر منتقل

غذر، مظفر آباد (اے این این) غذر میں نوح پل کے قریب مسافر وین دریائے یاسین میں گرنے کے نتیجے میں 11 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق دریائے یاسین سے اب تک 11 افراد کی لاشوں کو نکالا جا چکا ہے، اندھیرے کے باعث (باقی صفحہ 2 نمبر 6)



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر برائے پاکستان بولورما گاز ارملاقات کر رہی ہیں

میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر کی ملاقات

بلوچستان کی ترقی، معاشی استحکام اور مختلف شعبوں میں ترقیاتی تعاون کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر برائے پاکستان بولورما امگابازار (Amgaabazar) نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی ترقی، معاشی استحکام اور مختلف شعبوں میں ترقیاتی تعاون (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل

اسلام آباد ہائیکورٹ نے حکم امتناع جاری کر دیا، الیکشن کمیشن و دیگر کو نوٹس جاری

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے شیڈول سے متعلق الیکشن کمیشن کا 21 اکتوبر کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس عمیر مجید ملک نے حکم امتناع جاری کر دیا۔ عدالت نے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل کرتے ہوئے 26 نومبر تک الیکشن کمیشن و دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

وراثتی حق وقت گزرنے سے ختم نہیں ہوتا، سپریم کورٹ نے اہم قانونی اصول واضح کر دیے

وراثت کی تقسیم میں تاخیر سے بالخصوص بیوہ، بیٹیوں، نابالغ بچوں اور یتیموں کو نقصان پہنچتا ہے، تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ کسی شخص کے انتقال کے ساتھ ہی اس کی جائیداد اور مال و دولت میں قانونی ورثا کا حصہ بن جاتا ہے اور صرف وقت گزرنے سے ان کا یہ حق ختم نہیں ہوتا۔ عدالت نے واضح کیا ہے کہ وراثت سے محرومی کے دعوے پر مدتِ میعاد کا اطلاق اسی وقت شروع ہوگا جب کسی وارث کے ملکیتی حق سے واضح اور کھلے انداز میں (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ریکوڈک منصوبے کی کامیابی پاکستان میں معدنی سرمایہ کاری کے لیے مثال قائم کریگی، وزیر اعظم

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبے کی کامیابی پاکستان میں معدنی سرمایہ کاری کے لیے ایک مثال قائم کرے گی، بلوچستان کے عوام کو معدنی منصوبوں کے ثمرات میں براہِ راست (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

مالی سال 2027 کی پہلی سہ ماہی میں مسلسل مالیاتی سرپلس ریکارڈ

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی مالیاتی کارکردگی میں بہتری محض عارضی نہیں بلکہ مسلسل مالیاتی نظم و ضبط اور معاشی استحکام کی عکاس (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پاکستان 2050 سے پہلے دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہوگا، شہباز شریف

پاکستان کے قیمتی معدنی وسائل کو خام شکل میں بیرون ملک بھیجنا بند کرنا ہے، قیمتی معدنی وسائل ملکی صنعتوں کیلئے استعمال ہوں گے،

وہ دن دور نہیں جب معدنی وسائل کو ملکی ڈان سٹریم انڈسٹری کیلئے بروئے کار لائیں گے، وزیر اعظم کا پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت نئے اعتماد کے ساتھ ترقی اور تبدیلی کے سفر پر گامزن ہے، ان شا اللہ 2050 سے بھی پہلے پاکستان دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہوگا۔ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ کانفرنس میں شریک عالمی سرمایہ کاروں اور معزز مہمان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا پاکستان کی معیشت نئے اعتماد کے ساتھ ترقی اور تبدیلی کے سفر پر گامزن ہے، بیرک کمپنی کا پاکستان پر اعتماد برقرار رکھنے پر شکر گزار ہوں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گولڈ مین سکس کی پیشگوئی ہے پاکستان 2075 تک دنیا کی چھٹی بڑی معیشت بن سکتا ہے، انشا اللہ 2050 سے بھی پہلے پاکستان دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہوگا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.46 فیصد کمی ریکارڈ

سالانہ شرح 11.21 فیصد ریکارڈ

اسلام آباد (جی این ایم) ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.46 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کر دیے، سالانہ بنیادوں (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

وزیر اعظم محمد شہباز شریف دورہ ترکیہ مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم محمد شہباز شریف دورہ ترکیہ مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے۔ یہ بات جمعرات کو وزیر اعظم (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

بلوچستان اسمبلی میں 14 سالہ بندیہ کماری کے مبینہ اغوا پر اقلیتی اراکین کا احتجاج اور نعرے بازی

واقعے کو 27 روز گزرنے کے باوجود محض تسلیاں دی جا رہی ہیں، بچی کو عدالت میں پیش یا والدین کے حوالے کیا جائے، ششے کمار

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی اجلاس کے دوران رکن اسمبلی اشوک کمار نے 14 سالہ بندیہ کماری کے مبینہ اغوا کے معاملے پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو کے کردار پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیر داخلہ نے اقلیتی ارکان اسمبلی سے اس معاملے پر بات تک نہیں کی اور انہیں صرف تسلیاں دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ بندیہ کماری کی بازیابی کے حوالے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

بلوچستان اسمبلی، سرکاری پرائمری اسکولوں میں عربی زبان بطور لازمی مضمون متعارف کرانے کی قرارداد پیش

نصاب میں بنیادی عربی الفاظ، قواعد اور عام قرآنی الفاظ کے معانی شامل کیے جائیں، متن

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں صوبے کے تمام سرکاری پرائمری اسکولوں میں عربی زبان کو بطور لازمی مضمون متعارف کرانے سے متعلق ایک اہم قرارداد پیش کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق رکنِ صوبائی اسمبلی شاہدہ رف کی جانب سے ایوان میں پیش کی گئی قرارداد کے متن میں سفارش کی گئی ہے کہ صوبے بھر کے سرکاری پرائمری اسکولوں میں بنیادی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پیپلز پارٹی کے صوبائی ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری صبا کاکڑ ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان منرلز فورم غیر ملکی سرمایہ کاروں کا معدنی منصوبوں میں دلچسپی کا اظہار

معدنی شعبے کی ترقی کے لئے روڈ روابط کو فروغ دیا جا رہا ہے، چاغی اور گوادر کے درمیان انفراسٹرکچر کی تعمیر جاری ہے، وزیر پٹرولیم

پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع موجود ہیں، حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہی ہے، جام کمال

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 میں غیر ملکی سرمایہ کاروں نے پاکستان کے معدنی منصوبوں میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ اسلام آباد عالمی سرمایہ کاروں کی توجہ کا مرکز بن گیا ہے، پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کے دوسرے روز بھی سرمایہ کاروں نے فورم میں بھرپور شرکت کی، وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی فورم میں شریک ہیں۔ فورم میں غیر ملکی مندوبین نے اپنے خطابات میں (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

چینی کی قیمتوں کی مسلسل نگرانی کے ذریعے عوام کو ریلیف دیا جائے: اسحاق ڈار

کسانوں کے مفادات کا تحفظ اور عوام کو مناسب قیمت پر چینی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ چینی کی قیمتوں کی مسلسل نگرانی کے ذریعے عوام کو ریلیف دیا جائے۔ اسحاق ڈار کی زیر صدارت چینی کی برآمد سے متعلق برآمدات اور ملکی کھپت کے درمیان توازن برقرار رکھنے کے طریقہ کار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزارت خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ اجلاس میں چینی کی دستیابی، برآمدات اور مقامی ضروریات سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

ہم کسی قاتل اور ظالم کی حمایت نہیں کرتے، یونس عزیز زہری

مجھے نواب کا داماد کہنے پر فخر ہے، اسامہ جنگ کیس میں خضدار میں میرا بھتیجا شہید ہوا اور جمعیت نے قربانی دی، اپوزیشن لیڈر

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان صوبائی اسمبلی میں قائدِ حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ماضی میں نوابوں کے مدمقابل انتخابات لڑ چکے ہیں اور ہمیشہ سرداروں کا مقابلہ جمعیت علمائے اسلام نے کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر انہیں نواب کا داماد کہا جاتا ہے تو انہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

اسلام آباد کو ملک کا پہلا مکمل کیش لیس شہر بنانے کا فیصلہ، 31 دسمبر کی ڈیڈ لائن مقرر

شہر کو دنیا کا پہلا کیش لیس دارالحکومت بنانے کا ہدف ہے، طلال چوہدری کی گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو پاکستان کا پہلا اور دنیا کا مثالی مکمل کیش لیس یعنی نقدی کے بغیر لین دین کرنے والا شہر بنانے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، جس کے تحت تمام تاجروں اور کاروباری مراکز کو ڈیجیٹل نظام میں شامل کرنے کے لیے 31 دسمبر 2026 کی حتمی ڈیڈ لائن مقرر کر دی گئی، 30 نومبر کے بعد اسلام آباد انتظامیہ اور سی ڈی اے کے کسی بھی محکمے میں نقد ادائیگی وصول نہیں کی جائے گی۔ اطلاعات کے مطابق وزیر مملکت برائے داخلہ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

سیاست عوامی حقوق کی پاسداری اور اجتماعی دانش سے ترقی کا نام ہے، گورنر

نفرت اور بدگمانی کی دیواریں گرا کر محبت و اعتماد کے پل تعمیر کرنا ہوں گے مختلف اقوام اور زبانوں کا تنوع ہماری کمزوری نہیں قیمتی اثاثہ ہے

سیاستدان کی عظمت کا معیار عوامی تعلق اور پولیٹیکل ڈائیلاگ میں پوشیدہ ہے، قدرتی وسائل اور محلِ وقوع کے اعتبار سے بلوچستان بے پناہ امکانات کا حامل ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (جی این ایم) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ سیاست دراصل عوامی حقوق و اختیارات کی پاسداری اور اجتماعی دانش کے ذریعے تعمیر و ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کا نام ہے۔ ایک سیاستدان کی عظمت، بردباری اور سیاسی میچورٹی کا اصل معیار عوام کے ساتھ اسکا براہِ راست تعلق، پولیٹیکل ڈائیلاگ اور جمہوری اقدار کے فروغ میں پوشیدہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)



کراچی: وزیر مملکت بلال اظہر کیانی (PBA) کے صدور، چیف ایگزیکٹوز افسران اور چیف ڈیجیٹل افسران سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

مولانا فضل الرحمان کے تنخواہ دار ملازم ہونے کا انکشاف

پشاور (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کے بارے میں انکشاف ہوا ہے کہ وہ تنخواہ (باقی صفحہ 2 نمبر 23)



جنیوا، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ میڈیٹرینین شپنگ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں فورسز کی کارروائیاں، 74 دہشت گرد ہلاک

ضلع کوئٹہ کے علاقے کرم میں 3 نومبر سے جاری خفیہ اطلاعات پر مبنی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان کے 31 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے

سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میر علی اور اورکزئی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے میر علی میں 35 جبکہ اورکزئی میں 8 خوارج ہلاک کر دیے گئے

کوئٹہ، راولپنڈی (جی این ایم) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کرتے ہوئے 74 دہشت گرد ہلاک کر دیے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میر علی اور اورکزئی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے، گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران میر علی میں 35 جبکہ اورکزئی میں 8 خوارج ہلاک کر دیے گئے۔ بتایا گیا ہے کہ شدید فائرنگ کے تبادلے (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

بلوچستان میں تانبے اور سونے کے نئے ذخائر دریافت ہو گئے

چاغی میں 25 ہزار میٹر ڈرلنگ مکمل، مزید ایک ہزار میٹر کھدائی کی جائے گی

کوئٹہ (جی این ایم) ماری انرجیز کی بلوچستان میں تانبے اور سونے کے ذخائر کی دریافت کر لی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ماری انرجیز نے ضلع چاغی میں تانبے اور سونے کے اہم ذخائر دریافت کرنے کا اعلان کر دیا، دریافت ماری انرجیز کی ذیلی کمپنی ماری منرلز نے ایسٹ سیاہ ڈیک کے علاقے میں کی، نئی دریافت ریکوڈک منصوبے سے 50 کلومیٹر مشرق میں واقع ہے۔ ماری منرلز نے دو مراحل میں 25 ہزار میٹر ڈرلنگ مکمل کی، ڈرلنگ کے دوران 500 (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ
زیبائے پاکستان
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد عرفان
BIO/27/353
ایڈیٹر: اسرار محمد کمیتران
چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کمیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پشیل بارغ نزد چلڈرن ہسپتال کوارٹری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 30 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136822394/03332786582
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار گیس بل

درخواست گزار اکرام اللہ نے بتایا کہ انہیں گیس آفس کی جانب سے غیر منصفانہ بل موصول ہوا جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کو خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت اکنوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی کر دی۔
درخواست گزار کو گیس بل پر 95 ہزار کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔ درخواست گزار اکرام اللہ نے بتایا کہ انہیں گیس آفس کی جانب سے غیر منصفانہ بل موصول ہوا جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت اکنوائری کا آغاز کیا۔

(1)
پی ٹی آئی صوبوں کو بھگاتی نہیں، ہمایت کرتے ہیں، باقی نے بھی کہا ہے صوبوں کے معاملے پر ہوا میں سوچے وقت کی ضرورت ہیں لیکن خیبر پختونخوا سے ہی ہوا، ہاکموت ہمارے نے کہ ہمارے نمبر گیس نہیں ہے، ہاکموت ہمارے نے کہ ذاتی حیثیت میں کیا، پانی پی ٹی آئی کی شفا ہسپتال متفق نہیں کیلئے رات بنانے کی کوشش کر رہی ہے، پانی پی ٹی آئی کا کھلا سلسلہ ہے، 3 اگلشن لگتے ہیں، ساتواں اگلشن کی ہار ہمارے تو اس کا مطلب پانی پی ٹی آئی کا کھلا سلسلہ نہیں ہوا، ہاکموت ہمارے نے کہ ہمارے نمبر گیس نہیں ہے، ہاکموت ہمارے نے کہ ذاتی حیثیت میں کیا، پانی پی ٹی آئی کی شفا ہسپتال متفق نہیں ہے، پانی پی ٹی آئی کی شفا ہسپتال متفق نہیں ہے، پانی پی ٹی آئی کا اسٹریٹ کمیٹی میں فیصلہ ہوا تھا 2 سیٹرز، 2 ایم این ایز بنا کر بیٹھ کریں گے، ارکان اپوزیشن لیڈر کے پاس تھے ظہر کا پانی کے ساتھ، بشری پی ٹی آئی کے معاملات پر بات کریں گے، 2 سیٹرز اور 2 ایم این ایز خواتین کی ریہائی پر بات کریں گے، بھیجنے ہیں اور اسی وجہ سے ہم نے پارٹی کے پاس کہا ہے کہ ہمارے نمبر گیس نہیں ہے، ہاکموت ہمارے نے کہ ذاتی حیثیت میں کیا، پانی پی ٹی آئی کی شفا ہسپتال متفق نہیں ہے، پانی پی ٹی آئی کا کھلا سلسلہ ہے، 3 اگلشن لگتے ہیں، ساتواں اگلشن کی ہار ہمارے تو اس کا مطلب پانی پی ٹی آئی کا کھلا سلسلہ نہیں ہوا

(01) نہیں رکھا جائے گا بلکہ وہ خود غلیظ بد سے بدتر حالات کا جائزہ لیتے رہیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مفتی صدر الدین، قاضی بلیغ الدین، مفتی عبدالرحیم، مفتی عبدالرحمٰن، مفتی بلال محمود، مفتی عبدالرحمٰن، مفتی عبدالرحمٰن، مفتی عبدالرحمٰن

ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کریک ڈاؤن

عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر سنیں اور ان کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں حافظ الرحمٰن

کنڈی (بی این پی) ایس پی اوتحصیل حافظ معاذ الرحمٰن نے واضح کیا ہے کہ سٹیل اوتحصیل میں امن و امان کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیح بنائیں گے۔ جرائم میں ملوث عناصر خواہ کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں، انہیں قانون (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

ژوب، ضلع شیرانی میں بلوچستان یوتھ گالا اسپورٹس فیسٹیول اختتام پذیر

یوتھ گالا کا مقصد چھپے ہوئے ٹیلنٹ کو قومی و بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنا ہے، کمشنر آصف علی فرخ

ژوب (بی این ایم) محکمہ کھیل ضلع شیرانی کی جانب سے بلوچستان یوتھ گالا اسپورٹس فیسٹیول اختتام پذیر ہو گیا۔ فیسٹیول میں بیڈمنٹن، والی بال، شوٹنگ بال، ٹیبل ٹینس، کراٹے رسہ کشی اور دیگر کھیل شامل تھے

سپورٹس آفیسر عباس اسلم کے مطابق مقابلوں میں ژوب ڈویژن کے مختلف اضلاع سے مجموعی طور پر 300 سے زائد کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ فائنل میچز میں بیڈمنٹن، والی بال، شوٹنگ بال، ٹیبل ٹینس، کراٹے رسہ کشی اور دیگر کھیل شامل تھے



بلاول بھٹو زرداری کا سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر خراجِ تحسین

اسلام آباد (بی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے صوبے اور ملک کے علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارتی پراکسی دہشت گردوں کے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

طارق فضل چوہدری کا کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (بی این ایم) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کرم میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے 31 دہشت گرد جہنم واصل کر نا بڑی کامیابی ہے۔ جعمو کو اکنس پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں (باقی صفحہ 3 نمبر 11)



ہشت گرد نیٹ ورکس کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کا اہم تقاضا ہے، حنیف عباسی

دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیابیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں، وفاقی وزیر ریلوے

پاکستان کی سلامتی، امن اور استحکام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، فورسز کی کامیاب کارروائیاں قابل تحسین ہیں، وزیر ریلوے

اسلام آباد (بی این ایم) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے خیبر پختونخوا میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیابیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ جعمہ کو وزارت ریلوے سے جاری بیان میں وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد نیٹ ورکس کا مکمل خاتمہ قومی سلامتی کا اہم

جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی ارکان کا مشترکہ اجلاس 16 نومبر کو طلب

کوئٹہ (بی این ایم) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر مبشر مولانا عبدالواسع نے صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی ارکان کا مشترکہ اجلاس ہیر 16 نومبر 2026ء کو طلب کر لیا ہے۔ اجلاس صبح 10 بجے جناح ٹاؤن، صوبائی سیکرٹریٹ، بوری روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

ابتدائی بچپن کی معیاری تعلیم روشن مستقبل کی بنیاد ہے، احسن اقبال

اسلام آباد (بی ایم نکس) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ابتدائی بچپن کی معیاری تعلیم اور جدید بچوں کی ذہنی و تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ آج کے بچے کل پاکستان کے روشن مستقبل کے معمار ہیں گے۔ جمعہ کو ایس پرتی ایکیڈمی بی کوئٹہ کیمپس کے دورے کے موقع پر (باقی صفحہ 4 نمبر 3)

سرداری نظام کے خاتمے کی قرارداد پر مولانا ہدایت الرحمان کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، ظہور بلیدی

سرداری نظام کے استحصالی رویوں کے خلاف ہیں، بندوبستی کاری کا معاملہ انتہائی گھناؤنا فعل ہے، صوبائی وزیر

قرارداد پیش کرنے پر کریں اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور ایوان میں اس قرارداد کی (باقی صفحہ 3 نمبر 5)



سابق وزیر اعلیٰ و رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اجلاس میں پیش کی گئی قرارداد پر اظہار خیال کر رہے ہیں

سرداری نظام کے خاتمے کی قرارداد پر مولانا ہدایت الرحمان کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، ظہور بلیدی

سرداری نظام کے استحصالی رویوں کے خلاف ہیں، بندوبستی کاری کا معاملہ انتہائی گھناؤنا فعل ہے، صوبائی وزیر

قرارداد پیش کرنے پر کریں اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور ایوان میں اس قرارداد کی (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

سرداری نظام کے خاتمے کی قرارداد پر مولانا ہدایت الرحمان کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، ظہور بلیدی

سرداری نظام کے استحصالی رویوں کے خلاف ہیں، بندوبستی کاری کا معاملہ انتہائی گھناؤنا فعل ہے، صوبائی وزیر

قرارداد پیش کرنے پر کریں اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور ایوان میں اس قرارداد کی (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

لطیف کھوسہ کے بیانات بے بنیاد اور حقائق کے برعکس ہیں، سلمان اکرم راجہ

عمران خان نے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حامی رہے ہیں، ریکارڈ مٹ سے متعلق خدشات دور کرنا ضروری ہیں، گفتگو

اسلام آباد (بی این ایم) تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے لطیف کھوسہ کے بیانات کو بے بنیاد اور حقائق کے برعکس قرار دے دیا۔ ایک ٹی وی انٹرویو (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

عمران خان سے ملاقات حالات میں بہتری ہے، علی محمد خان

جب سے محسن نقوی کے صوبوں کی بات کی ہے وزراء کے چہروں کے رنگ اڑے ہوئے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (بی این ایم) پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کا مطلب حالات میں بہتری ہے۔ ایک انٹرویو میں علی محمد خان نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر محمد یحییٰ بلیدی ڈسٹرکٹ آرٹ ورمبر بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرداری نظام کے خاتمے کے 1976 کے قانون پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، مولانا ہدایت الرحمان

قبائلی نظام کے خاتمے میں نگلیجنس بیسڈ آپریشنز اور جدید فیصلوں کا خاتمہ ہونا چاہیے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (بی این ایم) رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سرداری نظام کے خاتمے سے متعلق 1976 میں منظور کیے گئے قانون پر اس کی اصل روح کے مطابق عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرداری نظام کا خاتمہ صرف قانون سازی سے نہیں بلکہ انتظامی اور عدالتی سطح پر "سردار" اور "نواب" کے القابات کے استعمال پر پابندی عائد کی جائے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 7)



کوئٹہ (بی این ایم) ڈپٹی کمشنر بلوچستان اسمبلی خواجہ گوٹی کی زیر صدارت صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹری اور اراکین صوبائی اسمبلی اجلاس میں شریک ہیں

چترال اور دیر بالا میں بارش و برفباری، کمراٹ روڈ لینڈ سلائیڈنگ سے بند

بارش اور برفباری تھمنے کے بعد سرد اور تیز ہواؤں سے سردی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ

پشاور (بی این ایم) لوئر اور اپر چترال میں 24 گھنٹے مسلسل بارش اور بالائی علاقوں میں برفباری کے بعد جمعہ کی صبح موسم میں وقتہ آگیا تاہم بارش کا



مل گوارن میں دو گروپوں کے درمیان تصادم میں دو افراد جاں بحق، لواحقین کا احتجاج

کامیاب مذاکرات اور انصاف کی یقین دہانی پر مظاہرین پر امن طور پر منتشر

سیدو (بی این ایم) مل گوارن میں صبح سویرے دو گروپوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہو گئے، واقعے کے بعد علاقے میں کشیدگی

بھیجا گیا۔ جاں بحق افراد کے لواحقین نے لاشیں ڈی پی او شانگلہ آفس کے سامنے رکھ کر احتجاجی دھرنا دیا اور (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

ایس پی اوسته محمد حافظ معاذ الرحمٰن کا تھانہ زرد کوہ کا دورہ، امن و امان اور پولیس کارکردگی کا جائزہ لیا

عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، مخلصانہ برداشت نہیں کی جائے گی، ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن

روک تھام اور پولیس کی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن نے تھانہ زرد کوہ کا دورہ کر کے وہاں امن و امان کی مجموعی صورتحال، امن و امان جرائم کی

صحبت پور: گورنمنٹ بوائز انٹر کالج میں یوم اقبال کی پروقار تقریب

طلباء کو چاہیے کہ وہ علامہ اقبال کے افکار و نظریات اور فلسفہ خودی کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں، فریدہ ترین

صحبت پور (پ ر) یوم اقبال کے موقع پر گورنمنٹ بوائز انٹر کالج صحبت پور میں ضلع سطح پر مشتمل ظفر پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی قومی، علمی، ادبی اور فکری خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک پروقار اور بامقصد تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں



گوادر میں خصوصی افراد کے لیے نادرا کی موبائل رجسٹریشن وین سروس کا باقاعدہ آغاز

خصوصی افراد کو ویلفیئر پروگرامز اور دیگر سہولیات کی فراہمی حکومت کی فلاحی پالیسی کا اہم حصہ ہے، مولانا ہدایت

گوادر (ر ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی افراد کو باوقار، آسان اور گھر کی دہلیز پر سرکاری سہولیات کی فراہمی کی پالیسی کے تحت ضلع گوادر میں پہلی مرتبہ خصوصی افراد (Disabilities with Persons) کے لیے نادرا کی موبائل رجسٹریشن وین (MRV) سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد جسمانی معذوری کی وجہ سے نقل و حرکت میں (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

نصیر آباد ڈویژن میں بجلی کا شدید بحران، زندگی مفلوج

ڈیرہ مراد جمالی، صحبت پور، جعفرآباد، ہاندا اور استوحہ سمیت کئی علاقوں میں پینے کے پانی، زراعت اور کاروباری سرگرمیوں سمیت طلبہ کی تعلیم متاثر

چھتر (بی این ایم) نصیر آباد ڈویژن میں بجلی کا بدترین بحران، دیہی علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران چند گھنٹے بجلی کی فراہمی، عوام شدید مشکلات سے دوچار، تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے نصیر آباد ڈویژن

چھتر، نصیر آباد پولیس کی بڑی کارروائی، دو دکانوں سے 2 ٹن ممنوعہ پلاسٹک کے تھیلے برآمد

چھتر (بی این ایم) ایس ایس پی نصیر آباد سید ناصر علی شاہ کی خصوصی ہدایات پر سپرنٹنڈنٹ پولیس ہیڈکوارٹر ڈاکٹر ذوالفقار علی کھوسہ کی نگرانی میں ڈی ایس پی چھتر ڈاکٹر عبدالرزاق کھوسہ، انچارج تھانہ سٹی چھتر انسپکٹر محمد انور کھوسہ، انچارج چوکی سی آئی اے نصیر آباد سب انسپکٹر محمد ہارون ڈوگی اور پولیس پارٹی نے کامیاب آپریشن کرتے ہوئے مرکزی ملزم کو گرفتار کر

چھتر، مہنگائی بے قابو، پرائس کنٹرول کمیٹی کی عدم توجہی پر شہریوں کا شدید احتجاج

بازار اسسٹ مختلف بازاروں میں مرغی کا گوشت، بھجی اور اشیائے خورد و نوش کے نرخ پر شدید تحفظات

چھتر (بی این ایم) تحصیل میرحسن خان کھوسہ اور ملحقہ علاقوں میں مہنگائی کا جن بے قابو، پرائس کنٹرول کمیٹی نائب تحصیلدار کی سربراہی میں قائم کی گئی ہے تاہم عملاً یہ کمیٹی کہیں دکھائی نہیں دیتی، نتیجے کے طور پر اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں (باقی صفحہ 3 نمبر 37)



جمعیت علماء اسلام (س) بلوچستان

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی امیر مولانا عبدالحق ہاشمی، مولانا فدیہ سیف اللہ حقانی کی شمولیت کے موقع پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ژوب: پرانے ڈی آئی خان اڈہ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن، ہینڈ کارٹ مارکیٹ کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز

پرچی، بانوں اور کاروباری افراد کو متبادل جگہ مختص کرنے کا فیصلہ، شہر میں ٹریفک کے مسائل حل ہوں گے، اسسٹنٹ کمشنر

ژوب (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر ژوب داؤد احمد کی نگرانی میں پرانے ڈی آئی خان اڈہ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ آپریشن میں پولیس اور ریسکیو عملہ نیز محکمہ فورسز کے اہلکار بھی شامل تھے۔ آپریشن کے دوران قبرستان سے لے کر ترقی یافتہ ممالک کی طرف جارت کرنے والوں کی تعداد مسلسل دوسرے سال کم ہوئی ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایل ایف کے مطابق اداعی ڈی ڈی (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

ترقی یافتہ ممالک کی طرف ہجرت میں مسلسل دوسرے سال کی ریکارڈ کمی

لندن (بی این ایم) تھنیم برائے اقتصادی تعاون و ترقی (او ای سی ڈی) نے ایک حالیہ رپورٹ میں بتایا ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کی طرف ہجرت کرنے والوں کی تعداد مسلسل دوسرے سال کم ہوئی ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایل ایف کے مطابق اداعی ڈی ڈی (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

کوئٹہ: ڈپٹی کمشنر بلوچستان اسمبلی غوالہ گوگی کی زیر صدارت صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹری اور اراکین صوبائی اسمبلی اجلاس میں شریک ہیں

گوادر کو روشن اور خوبصورت بنانے کا عزم، اہم شاہراہوں اور مرین ڈرائیو پر اسٹریٹ لائٹس نصب

اہم شاہراہوں، مرکزی راستوں اور نمایاں مقامات پر اسٹریٹ لائٹس نصب کی گئی ہیں، جس سے رات کے اوقات میں شہریوں اور سیاحوں کو آمد و رفت میں سہولت کے ساتھ ساتھ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

سرمز میں غلل کا سب سے بڑا سرکاری خریدار، مانیکر وسائف

ڈائننگن (اے این ایم) مانیکر وسائف کے ایک اعلیٰ عہدیدار جو اس بات کا دعویٰ کیا ہے کہ دنیا میں سرمز میں غلل کی سب سے بڑی سرکاری واقعے کے باعث نہیں ہوا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اس واقعے میں کسی بدنیتی یا بڑی سرگرمی کا کوئی غلل ظل ملن نہیں تھا۔ جاری ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مزید کم ہونے کا امکان

لندن (اے این ایم) عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں ہفتہ بھر بنیادوں پر مسلسل زوال کی جانب گامزن ہیں کیونکہ امریکا کی جانب سے ایران پر تیل کی تاک بندی جاری رکھنے کا ارادہ ظاہر کیا گیا ہے۔ امریکا کے اس (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی کا نام فوری طور پر بحال کیا جائے، علی نواز

ادارے اور کمپنیاں افسران وملازمین کے حقوق کو محفوظ رکھے بغیر کوئی ترقی نہیں کر سکتیں، ارشد ہاشمیسٹ

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ترقیاتی وژن اور جدید شہری سہولیات کی فراہمی کے عزم کے تحت گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے زیر تعمیراتی شہر کو روشن، خوبصورت اور محفوظ بنانے کے لیے شہر کے

صحبت پور تھانہ بنیادی سہولیات سے محروم، ضلع بے رئیس اللہ ڈنہ

فریدہ آباد (اے این ایم) جماعت اسلامی ضلع صحبت پور کے نائب امیر رئیس اللہ ڈنہ مگرپور، جماعت اسلامی ضلع صحبت پور کے امیر امام الدین سنگھڑی اور علی احمد کھوسہ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صحبت پور تھانہ (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

خضدار میں تقابلی ارضیات پر مبینہ سرکاری قبضے کے خلاف راہی جرگہ

خضدار (بی این ایم) ارباب ہاس خضدار میں کزشتہ روز ایک اہلی جرگہ زیر صدارت ارباب جمالدادان ارباب محمد نواز کرزئی مینگل منعقد ہوا۔ جس میں خضدار کے تمام اقوام کے قبائلی معتبرین رئیس، لکڑی سمیت زمینداروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جرگہ میں خضدار کے مقامی مسائل و زمینی تنازعات (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

مساجد کے اسٹاف کے جائز مطالبات حل کئے جائیں خان محمد جنگ

این ڈی ای کے مساجد اسٹاف گھلے کے دیرینہ مسائل حل کئے جائیں مساجد میں کام



کوئٹہ (اے این ایم) پاکستان تحریک کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری خان محمد جنگ نے کہا ہے کہ این ڈی ای کے مساجد اسٹاف گھلے کے دیرینہ مسائل جائز ہیں مساجد میں کام کرنے والے گھلے کے ذمہ داران کے ساتھ رابطہ (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

تحت ویزا پالیسیاں، طلبہ نے امریکا و برطانیہ کی بجائے ایشیا و یورپ کا رخ کر لیا

کوئٹہ (بی این ایم) عالمی جامعات کی جانب سے کیے گئے سروے کے نتائج میں بتایا گیا ہے کہ تحت ویزا پالیسیوں اور انگلیش قوانین کے باعث بین الاقوامی طلبہ امریکا اور برطانیہ کے بجائے ایشیا اور یورپ کی جامعات کو ترجیح (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

پنجاب: ریسکیو ونس میں ڈیجیٹل ایجنگی پیرافین کے لیے انعامی اسکیم شروع کرنے کا فیصلہ

لاہور (بی این ایم) پنجاب ریسکیو ونس ہیڈکوارٹر نے ہیلتھ ایمرجنسیز کے شعبے میں صارفین کو بہتر آرگوڈ سے ڈیجیٹل انگلیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے انعامی اسکیم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسکیم کے تحت ڈیجیٹل ایجنگی کرنے والے صارفین کو سہولت کے ساتھ انعامات جیتنے کا موقع بھی فراہم کیا جائے گا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

بلوچستان میں اسمبلی کی نشستیں اور نوکریاں فروخت ہو رہی ہیں، لشکری رئیسانی

مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے ذریعے بلوچستان کے وسائل اسلام آباد کے حوالے کیے گئے

سینڈک، ریکوڈک اور سوئی گیس منصوبوں کا بلوچستان کے عوام کو کوئی حساب نہیں دیا گیا، سینیٹر سیاستدان

کوئٹہ (بی این ایم) سینیٹر سیاستدان نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی کی نشستیں مبینہ طور پر فارم 47 کے تحت نیلام ہوتی ہیں اور اسی طرح سرکاری نوکریاں بھی فروخت کی جا

پاکستان کی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، معاہون برائے داخلہ

کوئٹہ (بی این ایم) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابو یوسفزئی نے کہا ہے کہ 3 نومبر سے جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز سیکیورٹی فورسز کی بیشہ وارانہ مہارت، مستعدی اور موثر حکمت عملی کا واضح مظہر ہیں۔ دہشت گردوں (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

ضلع جعفرآباد کے صدر مقام ڈیرہ اللہ یار میں پیٹرول کم دینے کی شکایات

مبینہ طور پر 500 روپے کے بدلے صرف 400 روپے کا پیٹرول دیا جا رہا ہے، عوامی حلقے

فرید آباد (اے این ایم) ضلع جعفرآباد کے صدر مقام ڈیرہ اللہ یار میں پیٹرول کم دینے کی شکایات، ڈپٹی کمشنر ریفیوٹ چیچ کے انتظامیہ سے فوری طور پر نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ڈیرہ اللہ یار شہر میں پیٹرول پمپس پر صارفین مبینہ طور پر 500 روپے کے بدلے صرف 400 روپے کا پیٹرول دیا جا رہا ہے، جس سے شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

ڈپٹی کمشنر خالد شمس کا ڈی ایس کمپلیکس اور مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ

عوامی فلاح کے منصوبوں کے معیار اور مقررہ وقت پر تکمیل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلاث لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے ضلع برشور میں جدید ڈپٹی کمشنر کمپلیکس کی مختلف گرد و اراضی سمیت ضلعی پولیس آفیسر (ڈی پی او) عمید الرحمٰن (باقی صفحہ 27)

ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کا جوائنٹ روڈ کا دورہ، تجاوزات کے خلاف مہم کا جائزہ

غریب و محنت کش طبقے کو روزگار کے بہتر مواقع دینے کے لیے جوائنٹ روڈ پر فروٹ مارکیٹ کے قیام کا منصوبہ

کوئٹہ (خ ن) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن سے چیئمبر کرسے نے ہیلتھ کے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ عملے کی کارکردگی کو سراہا۔ ایڈمنسٹریٹر شاہد پرتاپ نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ جوائنٹ روڈ پر (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

ڈی۔ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور سیکیورٹی انتظامات کو بہتر بنانے کے لیے اہم اجلاس کا انعقاد

صدارت ایس پی ٹریفک عمر ریحان خٹک نے کی، ٹریفک کے مسائل کے حل اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مشترکہ اقدامات پر غور کیا گیا

ڈی (خ ن) ایس پی ٹریفک عمر ریحان خٹک نے کی زیر صدارت ایس پی آفس ڈی آئی خان میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر ڈی ڈی ایم او کرنل (ر) عبدالرحمٰن، چیئرمین ٹریڈرز ایسوسی ایشن شاہ محمد خٹک، صدر انجمن تاجران کے عہدیداروں اور ٹرانسپورٹرز

ضلعی الیکشن کمشنر مستونگ کے نئے تعمیر شدہ دفتر کا افتتاح کر دیا گیا

منصوبے کی تکمیل میں ان کے تعاون کو خراج تحسین پیش، ممبر الیکشن کمیشن شاہ محمد توخی کی گفتگو

کوئٹہ (اے این ایم) ممبر الیکشن کمیشن آف پاکستان بلوچستان شاہ محمد توخی نے ضلعی الیکشن کمشنر مستونگ کے نئے تعمیر شدہ دفتر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر الیکشن کمشنر مستونگ سید احسان اللہ شاہ، اسسٹنٹ کمشنر مستونگ سید محمد موسیٰ، کنٹرولر آف ڈاک شاہ اور دیگر



کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سید عبدالوحید شاہ کے زیر صدارت ضلعی الیکشن کمشنر کوئٹہ کے دفاتر، موٹر سائیکل کے کاغذات، ڈرائیونگ لائسنس اور دیگر ضروری کاغذات موجود تھے۔ جس کسی کو ملے وہ اس نمبر 03337985014 پر رابطہ کریں۔

الشکر: نادر احمد ولد قائم الدین

تلاش گمشدگی

میرا بٹوا جو آٹا ڈونز مارکیٹ کے قریب گم ہو گیا ہے جس میں میرا شناختی کارڈ، موٹر سائیکل کے کاغذات، ڈرائیونگ لائسنس اور دیگر ضروری کاغذات موجود تھے۔ جس کسی کو ملے وہ اس نمبر 03337985014 پر رابطہ کریں۔

الشکر: نادر احمد ولد قائم الدین

کوئٹہ، مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری بلال شاہ کاکڑ خاتون فاطمہ خان کی قیادت میں خواتین کے گرینڈ جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں